# کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان

## حقوق وصولی اڈا فیس کینٹ جنرل ویگن سٹینڈ

بذریعہ اشتہار ہٰذا ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان ٹھیکہ برائے حقوق وصولی اڈا فیس کینٹ جنرل ویگن سٹینڈ، ڈیرہ اسماعیل خان درج ذیل شیڈول پر عرصہ 01 سال، ماہ یکم جولائی 2025 تا 30 جون 2026 تک کے لئے نیلام عام مورخہ 19 جون 2025 بوقت 11:00 بجے دفتر کنٹونمنٹ بورڈ ڈیرہ اسماعیل خان میں منعقد کر رہا ہے۔ خواہشمند حضرات درج ذیل شرائط پر بولی میں حصہ لے سکتے ہیں۔

**شرائط:**

1. نیلامی میں حصہ لینے سے قبل ہر بولی دہندہ بولی دینے سے قبل مبلغ -/3,000,000 روپے کا کال ڈیپازٹ بنام کینٹ ایگزیکٹو آفیسر ڈیرہ اسماعیل خان ہمراہ فوٹو کاپی قومی شناختی کارڈ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کا اہل ہو گا۔ نقد رقم قابل قبول نہ ہو گی۔ کامیاب بولی دہندہ اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ باقی تمام بولی دہندگان کو کال ڈیپازٹ بولی کے اختتام پر واپس کر دیئے جائیں گے۔
2. کال ڈیپازٹ بولی کی تاریخ سے 03 دن پہلے تک وصول کئے جائیں گے اس کے بعد کوئی کال ڈیپازٹ قابل قبول نہیں ہو گا۔ جمع شدہ کال ڈیپازٹس کی متعلقہ بینک سے تصدیق کرائی جائے گی۔ بینک کی طرف سے غیر مصدقہ کال ڈیپازٹ جمع کرانے والوں کے خلاف قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے گی۔
3. کامیاب بولی دہندہ کو بولی کا 1/10 حصہ بطور ضمانت بولی کے اختتام پر دفتر ہٰذا میں موقع پر جمع کروانا ہو گا۔ جمع نہ کروانے کی صورت میں زر بیعانہ بحق کنٹونمنٹ بورڈ ضبط کر لیا جائے گا۔
4. کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی حتمی منظوری کے بعد بولی کی کل رقم بشمول گورنمنٹ مروجہ ٹیکس 12 مساوی اقساط کی صورت میں ہر ماہ کی 05 تاریخ تک ایڈوانس بذریعہ چیک دفتر ہٰذا میں لازمی جمع کروانا ہو گا۔ مقررہ تاریخ تک قسط وصول نہ ہونے کی صورت میں جمع شدہ زر ضمانت ضبط اور ٹھیکہ منسوخ تصور ہو گا۔
5. کامیاب بولی دہندہ جنرل ویگن سٹینڈ کے تمام پانی اور بجلی کے بل یکم جولائی 2025 سے ادا کرنے کا پابند ہو گا۔ موجودہ پانی اور بجلی کی تنصیبات کو درست حالت میں رکھنا اور اڈے کی مکمل صفائی بھی ٹھیکدار کی ذمہ داری ہو گی۔ اس سلسلے میں اگر کوئی اخراجات ہوئے تو وہ بھی بذمہ ٹھیکدار ہوں گے۔
6. کامیاب بولی دہندہ اپنے خرچہ پر سیکورٹی گارڈز رکھنے کا پابند ہو گا۔ اور یہ سیکورٹی گارڈ کسی مستند سیکورٹی کمپنی سے رکھے جائیں گے۔ موجودہ سیکورٹی کیمروں کی دیکھ بھال اور ان کو بوقت ضرورت مرمت کی ذمہ داری بھی ٹھیکدار کی ہو گی۔ اس کے علاوہ بولی دہندہ ایک عدد جنریٹر بھی مہیا کرے گا جو کہ اڈا کو روشن اور کیمروں کو فعال رکھے گا۔
7. کامیاب بولی دہندہ اڈے کے اندر کسی بھی قسم کی ٹوٹ پھوٹ یا خستہ حال جگہوں کی مرمت کرانے کا ذمہ دار ہو گا۔
8. ٹھیکہ دہندہ کسی قسم کی ناگہانی / قدرتی آفات / سیلاب / سرکاری چھٹیوں / ہڑتال یا سیاسی دھرنے وغیرہ کی صورت میں کوئی رعایت / چھوٹ کی درخواست نہیں کرے گا اور نہ ہی ایسی کوئی درخواست قابل قبول ہو گی۔
9. بولی میں حصہ لینے والے افراد یا کمپنی جو کہ ادارہ ہٰذا کے نادہندہ ہیں براہ راست یا کسی اور کے ذریعے بولی میں حصہ لینے کے مجاز نہ ہوں گے۔
10. نیلامی میں حصہ لینے والے اشخاص اپنے کمپیوٹرائزڈ شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی ساتھ لائیں گے۔ اس کے علاوہ جو شخص کسی دوسرے کے لئے بولی دے گا وہ اس شخص کا اتھارٹی لیٹر اور شناختی کارڈ کی تصدیق شدہ کاپی ساتھ لائے گا۔
11. کنٹونمنٹ بورڈ کو حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی سٹینڈ کو الاٹ، کینسل یا ان میں ردوبدل کر سکتا ہے۔ کنٹونمنٹ بورڈ سالانہ رینیول فیس ٪10 اضافہ کے ساتھ وصول کرے گا۔ جن سٹینڈز کا رینیول کنٹونمنٹ بورڈ کی طرف سے نہیں ہو گا ان کو جنرل ویگن سٹینڈ سے بے دخل کر دیا جائے گا۔
12. اگر کسی وجہ سے نیلامی مذکورہ تاریخ پر نہ ہو سکی تو دوبارہ مورخہ مورخہ 20 جون 2025 وسہ بارہ مورخہ مورخہ 21 جون 2025 کو ہو گی۔
13. نیلامی PPRA Rules 2004 کے تحت عمل میں لائی جائے گی۔ حتمی منظوری تابع بورڈ ہو گی۔ دفتر ہٰذا سے مکمل آگاہی حاصل کرنے، مکمل شرائط پڑھنے اور کسی بھی قسم کی غلط فہمی کو دور کرنے کے بعد بولی میں حصہ لیں، نیلامی کے وقت کوئی عزر / اعتراض قابل سماعت نہیں ہو گا۔
14. اشتہار ہٰذا کو PPRA کی ویب سائیٹ پر بھی دیکھا جا سکتا ہے۔
15. کامیاب بولی دہندہ مجاز اتھارٹی کی منظوری کے بعد 07 یوم کے اندر مقرر کردہ اسٹامپ پیپر پر تحریری معاہدہ کرنے کا پابند ہو گا۔
16. کامیاب بولی دہندہ پرچی فیس ہر روٹ کے ایک سواری کے کرایہ کے برابر چارج کرنے کا پابند ہو گا۔
17. کینٹ بورڈ کو اختیار حاصل ہو گا کہ وہ کوئی بھی وجہ بتائے بغیر کسی بھی بولی کو منظور یا مسترد کر دے۔
18. ٹھیکدار اور کنٹونمنٹ بورڈ کے مابین کسی بھی تنازعہ کی صورت میں ہر فریق اپیل کے لئے ڈائریکٹر ملٹری لینڈ & کنٹونمنٹ پشاور کے پاس جائے گا۔ اس کے علاوہ کسی بھی عدالتی کاروائی کا مجاز نہ ہو گا۔
19. مندرجہ بالا تمام شرائط تحریری معاہدہ میں درج کی جائیں گی۔ اور مزید معلومات وشرائط کو جاننے کے لئے کسی بھی دن دفتری اوقات کار میں ملاحظہ کی جا سکتی ہے۔
20. ٹھیکیدار کیلئے NTN نمبر رکھنا لازمی ہے۔

**المشتہر: کنٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر کینٹ بورڈ۔ ڈیرہ اسماعیل خان کینٹ**